SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
September 12, 2017
For immediate release

## ایس ای سی پی نے کمپنی کی رجسٹریشن کا عمل مزید آسان کر دیا

اسلام آباد، ۱۲ ستمبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے بینکوں اور دیگر سٹیک ہولڈروں کی معلومات کے لئے وضاحت کی ہے کہ کمپنی کی رجسٹریشن کے وقت، درخواست گزاروں کی جانب سے مختلف دستوری فارمز جیسا کہ فارم ۱، ۲۷، ۲۱، ۲۸ اور ۲۹ کی جگہ کمپنیز (تشکیلی) ضوابط ۲۰۱۷ کے ضابطہ نمبر ۵ کے تحت صرف ایک سادہ درخواست فارم متعارف کروا دیا ہے۔

نئے قوائد کے مطابق اب نئی کمپنی کی رجسٹریشن کے وقت مختلف فارم کی جگہ صرف ایک درخواست فارم جمع کروایا جانا ہی کافی ہے۔ ایس ای سی پی کی جانب سے رجسٹریشن کے عمل میں یہ تبدیلی، کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لئے متعارف کروائی گئی اصلاحات کا حصہ ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ملک میں نئی کمپنیوں کی تعداد میں اضافے کے لئے، کمپنی کی تشکیل (انکارپوریشن) کا آسان طریقِ کار متعارف کروایا جا چکا ہے۔ پرانے کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کے تحت کمپنی کی تشکیل کے لئے متعدد دستوری فارمز جیسا کہ فارم ۱، ۲۱، ۲۷، ۲۸ اور ۲۹ جمع کروانے ضروری ہوتے تھے تاہم نئے کمپنیز ایکٹ کے تحت جاری کردہ کمپنیز (تشکیلی) ضوابط ۲۰۱۷ کے ضابطہ نمبر ۵ کے تحت ایک ہی سادہ فارم پُر کر کے کمپنی قائم کی جا سکتی ہے۔

کمپنی کے رجسٹرڈ شدہ پتہ، ٹیلی فون نمبر اور ڈائریکٹروں / چیف ایگزیکٹو افسر کی فہرست سمیت تمام ضروری معلومات درخواست فارم کے مختلف ضمیموں میں مہیا کی جا سکتی ہے۔